© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

## حضرت مہتمم صاحب کے اسفار:

مدرسہ تعلیم القرآن چھوٹا لاہور: دارالعلوم حقانیہ کے قدیم اور جید فاضل حضرت مولانا امین دوست صاحب کی دعوت پر مدرسہ تعلیم القرآن چھوٹا لاہور تشریف لے گئے اور تقریب تقسیم انعامات سے خطاب فرمایا۔

۲۷ر جنوری کو مولانا نثار احمد حقانی کے فرزندان کی تقریب نکاح میں شرکت کے لئے دریا پار مصری بانڈہ تشریف لے گئے اور نکاح پڑھایا۔ حضرت مولانا انوار الحق صاحب بھی ہمراہ تھے۔

یکم فروری: مدرسہ تعلیم القرآن مندوخیل خیرآباد تشریف لے گئے ،اور مدرسہ کے طلباء سمیت اہل علاقہ سے خطاب فرمایا۔

## تقریب تقسیم انعامات:

دارالعلوم میں سہ ماہی امتحان کے مکمل نتائج کے بعد تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا گیا۔ حضرت مولانا انوار الحق صاحب نے امتحانی طریقہ کار اور نتائج پر مختصر خطاب فرمایا جبکہ مہتمم صاحب نے کامیاب طلباء میں انعامات تقسیم فرمائے۔

## ششماہی امتحانات وتعطیلات

دارالعلوم کے ششماہی امتحانات ۶ رفروری سے شروع ہوکر ۹رفروری تک جاری رہے۔ امتحانات کے بعد ۱۰فروری تا ۱۹رفروری تک تعطیلات رہیں اور ۲۰رفروری ۲۰۱۶ سے دوبارہ اسباق شروع ہوں گے۔

## اہم وفود وشخصیات کی دارالعلوم آمد

سابق گورنر فضل حق مرحوم کی بھتیجی محترمہ فرح نور، جو آسٹریلیا میں پی ایچ ڈی کررہی ہیں ،نے یہاں آ کر مولانا مدظلہ سے اسلام اور انتہاپسندی کے عنوان پر انٹرویو کیا۔

اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد سے پروفیسر مولانا احمد جان اور پروفیسر سلیم شاہ صاحب تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب سے ملاقات کی جبکہ کڈنی سینٹر کے سربراہ کرنل مختار صاحب کے ہمراہ الحاج دلاور خان اور جناب محمد طارق خان صاحب بھی تشریف لائے اور مولانا مدظلہ سے تفصیلی ملاقات کی۔

## زیرتعمیر جامع مسجد کے حوالے سے مشاورتی اجلاس:

۶۔۷جنوری: زیرتعمیر جامع مسجد

© rasailojaraid.com